Maulana Azad National Urdu University

M.A. (Translation) : I Semester Examination, February 2022

Paper : MATS102CCT : A Brief History of Urdu Language

پرچہ : اردو زبان کی مختصر تاریخ

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات دو حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول اور حصہ دوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 08 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً سو(100) لفظوں پر مشتمل ہے ہر سوال کے لیے 05 نمبرات مختص ہیں۔ **(8 x 5 = 40 Marks)**
2. حصہ دوم میں 05 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوال کا جواب دینا ہے۔ سوال کا جواب تقریباً ڈھائی سو(250) لفظوں پر مشتمل ہے۔ سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(10x3 = 30 Marks)**

حصہ اول

1. دکنی اردو کی صوتی خصوصیات پر ایک نوٹ لکھیے۔
2. اردو میں عام طور پر استعمال کیے جانے والے انگریزی الفاظ کی نشاندہی کیجیے۔
3. زبان کیا ہے؟ مختلف تعریفات بیان کرتے ہوئے اس کی اہم خصوصیات کا ذکر کیجیے۔
4. اردو زبان کے آغاز وارتقا کے تعلق سے سید محی الدین قادری زور کے نظریات پر روشنی ڈالیے۔
5. اردو پر عربی زبان کے اہم اثرات کا مع امثال ذکر کیجیے۔
6. اعضائے تکلم سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔
7. بہمنی سلطنت کے دور میں اردو کے فروغ پر ایک مضمون لکھیے۔
8. امیر خسرو کی غزلوں، کہاوتوں، پہلیوں اور کہہ مکرنیوں کی زبان اور لفظیات کا جائزہ لیجیے۔
9. انسان کی زبان جانوروں کی زبان سے کس طرح مختلف ہے؟ وضاحت کیجیے۔
10. دکن میں اردو شاعری کی روایت پر ایک نوٹ لکھیے۔

حصہ دوم

11. اردو کے آغاز وارتقاء سے متعلق حافظ محمود شیرانی کے نظریات پر تفصیل سے روشنی ڈالیے۔
12. پروفیسر مسعود حسین خاں نے اردو کے آغاز کے تعلق سے کس بولی کی اہمیت پر زور دیا ہے؟ اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔
13. علاء الدین خلجی کی فوجوں کی دکن آمد نے دکنی اردو کے فروغ میں کیا کردار ادا کیا؟ مدلل اظہار خیال کیجیے۔
14. زبان کی مختلف حیثیتوں پر سیر حاصل بحث کیجیے۔
15. مولوی محمد حسین آزاد کے درج ذیل قول کی روشنی میں اردو پر برج بھاشا کے اثرات کا جائزہ لیجیے۔

''اتنی بات تو ہر شخص جانتا ہے کہ ہماری اردو زبان برج بھاشا سے نکلی ہے۔''

☆☆☆